© rasailojaraid.com

میں اردو کے اخبارات میں بھی اسکی تھوڑی سی کوریج شائع ہوئی۔ لیکن انگریزی اخبار "دی نیشن" اتوار دو جولائی نے نیویارک ٹائمز کے حوالے سے اس انٹرویو کی پہلی قسط مکمل ایک صفحہ پر پیش کی ہے۔ قارئین کے استفادہ کیلئے آئندہ ماہ اسکا ترجمہ اور اسکی تلخیص ماہنامہ الحق میں پیش کی جائیگی۔

**لبنان کے معروف ٹی وی چینل "المستقبل" کا دارالعلوم حقانیہ کے بارے میں پروگرام** ۲۴ جون بروز ہفتہ کو لبنان کی معروف ٹی وی چینل "المستقبل" نے دارالعلوم حقانیہ اور تحریک طالبان کے بارے میں تفصیلی ڈاکومنٹری پروگرام نشر کیا۔ اس سے قبل قطر اور عالم عرب کے مقبول عالمی ٹی وی چینل "الجزیرہ" نے بھی حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کا مفصل انٹرویو نشر کیا تھا۔ ان سے عالم عرب میں تحریک طالبان اور دینی مدارس کو سمجھنے کا ایک اچھا موقع فراہم ہوا ہے۔

**انگلینڈ کے دی گارڈین اخبار کے بیورو چیف کی آمد:** ۴ جولائی کو دارالعلوم حقانیہ انگلستان اور مغرب کے مشہور زمانہ اخبار "دی گارڈین" (The Guardian) برصغیر کے بیورو چیف مسٹر روری (Rory McCarthy) تشریف لائے۔ آپ نے دارالعلوم حقانیہ کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا۔ اور طلباء سے انٹرویوز لئے۔ بعد میں آپ نے مدیر الحق مولانا راشد الحق سے تفصیلی انٹرویو لیا۔ انٹرویو میں خصوصیت کیساتھ دینی مدارس کے نظام تعلیم، مدارس اسلامیہ کا تاریخی پس منظر اور موجودہ حکومت کا مدارس کے بارے میں نئی پالیسیوں کے بارے میں خصوصیت کیساتھ سوالات کئے گئے۔

**دارالعلوم حقانیہ کے سامنے دوسری سڑک کی تعمیر اور دارالعلوم حقانیہ کا بے مثال ایثار:** جیسا کہ قارئین جانتے ہیں کہ دارالعلوم حقانیہ اپنے قیام اول سے ہی قومی شاہراہ جی ٹی روڈ کے بالکل متصل قائم ودائم ہے۔ جہاں جی ٹی روڈ کی قربت کے فوائد ہیں وہیں اسکے بے شمار نقصانات بھی ہیں۔ شور، دھوئیں اور ہر وقت دوران تدریس گاڑیوں کے ہارن بجتے رہتے ہیں جس سے طلبا کے درس میں خلل پڑتا ہے۔ اب قومی شاہراہ کو ڈبل دے میں تبدیل کیا جارہا ہے۔ چونکہ یہ دوسری سڑک دارالعلوم کے عین سامنے سے گذر رہی ہے۔ اسلیئے دارالعلوم نے بھرپور ایثار کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے باغیچوں اور اطراف کا کافی حصہ قومی جذبے اور عوام کی سہولت کے پیش نظر بخوشی سڑک کیلئے دے دیا ہے۔

© rasailojaraid.com